PR – XII (A-I-A) (24)

شہریت

نوٹ: سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

سیکشن (ب)

سوال ۲: درج ذیل میں سے دس (۱۰) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں۔ ہر جزو کے پانچ نمبر ہیں۔

۱) ذوالفقار علی بھٹو کے دور حکومت کے اہم سیاسی واقعات کا تذکرہ کریں۔

۲) قانون سازی کے عمل میں کابینہ کے کردار پر ایک پیراگراف تحریر کریں۔

۳) پولیس کی ذمہ داریاں بیان کریں؟

۴) بچوں کے حقوق پر معاہدہ کی ضرورت کیوں پیش آئی؟

۵) معاشی عالمگیریت سے کیا مراد ہے؟

۶) بین الاقوامی مالیاتی اداروں میں مثبت تبدیلی لانے کیلئے پانچ تجاویز تحریر کریں؟

۷) ہم غیر ملکی سرمایہ کاری کو پاکستان کی جانب مائل کرنے میں کیوں ناکام ہیں؟

۸) اوسلو معاہدے کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

۹) عراق پر امریکی حملے کے نتائج بیان کریں؟

۱۰) گفت و شنید کرنے والے کے اہم خواص تحریر کریں؟

۱۱) مقامی سطح پر امن کے فروغ کے چند طریقوں کا مختصر تذکرہ کریں۔

۱۲) پرامن معاشرے کی خصوصیات پر مختصر نوٹ لکھیں؟

۱۳) پاکستانی معاشرے میں تنوع کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل کا مختصر تذکرہ کریں۔

سیکشن (ج)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے تین سوالات کے مفصل جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

سوال 3: پاکستان میں پارلیمنٹ کے فرائض پر مفصل نوٹ تحریر کریں؟

سوال 4: خود انحصاری پر مبنی اقتصادی نظام کے قیام کیلئے شرائط تحریر کریں؟

سوال 5: عالمی تنازعات کی وجوہات پر بحث کریں؟

سوال 6: سیاسی جماعت کی ساخت پر مفصل نوٹ تحریر کریں؟